آزاد جموں و کشمیر انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ میر پور

نمبر بورڈ/انٹر/ 5534-48 /2025 مورخہ 3-11-25

ترمیمی نوٹیفکیشن:

امتحان انٹرمیڈیٹ سیکنڈ اینول 2025ء پارٹ اول (Part-I) انشاء اللہ دسمبر کے دوسرے ہفتہ سے شروع ہو رہا ہے اس امتحان میں درج ذیل امیدواران شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔

1۔ ایسے امیدواران جنہوں نے سال اوّل کے تمام مضامین میں 33% سے زیادہ نمبرات حاصل کیے اور کچھ مضامین یا تمام مضامین کے نمبرات بہتر کرنا چاہتے ہیں۔

2۔ ایسے امیدواران جن کے کچھ مضامین کے نمبرات 33% سے کم ہیں اِن مضامین کا امتحان دینا چاہتے ہیں۔

3۔ ایسے امیدواران جنہوں نے فرسٹ اینول 2025 پارٹ اوّل میں رجسٹریشن کروائی لیکن امتحان نہ دے سکے وہ بھی شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔

اس امتحان سے متعلق Online فارم داخلہ فیڈ کرنے اور فیس داخلہ جمع کروانے کے لیے شیڈول بذیل ہے۔

انٹرپارٹ اوّل ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے		انٹرپارٹ اوّل فارم ہا داخلہ کی ہارڈ کاپیز وصولی کا شیڈول ریگولر/ پرائیویٹ امیدواران کے لئے
سنگل فیس کے ساتھ	04-11-2025 تا 13-11-2025 تک	17-11-2025 تک
دوگنا فیس کے ساتھ	14-11-2025 تا 18-11-2025 تک	22-11-2025 تک
تین گنا فیس کے ساتھ	19-11-2025 تا 20-11-2025 تک	24-11-2025 تک

اشراح فیس ہا داخلہ

(ریگولر اُمیدواران کے لیے)

گروپ	پارٹ اوّل
سائنس	1920
علم و ادب اور کامرس	1860
میڈیکل ٹیکنالوجی	5690

(پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے)

گروپ	پارٹ اوّل
سائنس	2000
علم و ادب اور کامرس	1920
میڈیکل ٹیکنالوجی	5690
السنہ شرقیہ = (ادیب/ فاضل)	2080

3-11-2025

کنٹرولر امتحانات کالجز

05827-960006 3/11/25

نقل بالا بخدمت:

1۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔

2۔ محترمہ سیکریٹری بورڈ۔

3۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ شعبہ کمپیوٹر بورڈ ہذا۔

4۔ ڈیٹا سپروائزر صاحب شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔

5۔ فوکل پرسن بورڈ ہذا۔

6۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میر پور بغرض اشاعت در قومی اخبارات بطور خبر۔

7۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میر پور، تراڑکھل، مظفر آباد/ ڈائریکٹر صاحب FM ریڈیو بالائی منزل لعل دین پلازہ F/1 میر پور آزاد کشمیر۔

8۔ معزز نمائندہ صاحب پی ٹی وی/ نیوز ایجنسی اے۔ پی۔ پی۔ ساجد پلازہ میر پور۔

9۔ معزز نمائندہ صاحب جیو ٹی وی میر پور۔

CamScanner